DARULFLAH KASUR

صحیح اور مستند

صبح وشام کے اذکار

زندگی کی بہار

جمع و ترتیب: الشیخ عبدالرحمن علی الاثری حفظہ اللہ

نظرثانی: فضیلۃ الشیخ حافظ ابوظفیر ندیم ظہیر حفظہ اللہ

www.KitaboSunnat.com

وقال ربکم ادعونی استجب لکم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

اذکار پڑھنے کا وقت نماز فجر سے لے کر طلوع آفتاب تک نماز عصر سے لے کر غروب آفتاب تک ہے بوجہ مجبوری کسی وقت بھی پڑھے جاسکتے ہیں

ضروری نوٹ: صبح کے وقت صرف لائن والے اور شام کے وقت صرف بریکٹ میں سبز رنگ والے الفاظ کے ساتھ باقی دعا پڑھیں۔

1 ﴿ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ (أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ) لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ (مَا بَعْدَهَا) وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ (مَا بَعْدَهَا) رَبِّ أَعُوذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ أَعُوذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ ﴾

(صبح وشام ایک مرتبہ)

(صحیح مسلم: 2723 (6908)، سنن ابی داؤد: 5071، سنن الترمذی: 3390 وسندہ صحیح)

ہم نے صبح کی اور ساری بادشاہی نے صبح کی (ہم نے شام کی اور ساری بادشاہی نے شام کی) اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کیلئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! اس دن میں (اس رات میں) جو خیر ہے اور اس کے بعد میں جو خیر ہے میں اس کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور اس دن کے (اس رات کے) شر سے اور اس کے بعد والے کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے میرے رب! میں سستی اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اے میرے رب! میں آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2 ﴿ اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا (اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا) وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ)

(صبح وشام ایک مرتبہ) (سنن ابی داؤد:5068، سنن الترمذی:3391 وسندہ صحیح)

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے ہی حکم سے ہم نے شام کی (تیرے حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے حکم سے ہم نے صبح کی)، تیرے حکم سے ہم زندہ ہیں اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے اور تیری ہی طرف ہمیں اٹھ کر جانا ہے۔

3 ﴿ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ (اَمْسَيْتُ) اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ﴾ (صبح وشام چار مرتبہ)

(سنن ابی داؤد: 5069،5078 سنن الترمذی: 3501، وسندہ حسن)

اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح (شام) کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی معبود برحق ہے اور تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

4 ﴿ اَصْبَحْنَا (اَمْسَيْنَا) عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰى كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴾

(صبح وشام ایک مرتبہ) (مسند احمد:15360، سنن الدارمی:2730 وسندہ صحیح)

ہم نے فطرت اسلامیہ اور کلمہ توحید اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر اور اپنے باپ ابراہیم کی ملت پر صبح (شام) کی جو یک طرفہ مسلمان تھے اور شرک کرنے والوں میں سے نہیں تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

5 ﴿يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ أَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ﴾ (صبح وشام ایک مرتبہ)

(عمل الیوم واللیلۃ للنسائی: 570، المستدرک للحاکم: 6335 وسندہ حسن)

اے زندہ! اے تھامنے والے! میں آپ کی رحمت کا امیدوار ہوں۔ میرے سارے معاملات درست فرمادے اور آنکھ جھپکنے کے برابر بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کرنا۔

نوٹ: جس نے یہ کلمات پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر سے اپنے ذکر کی مٹھاس کی وجہ سے سب پریشانیوں اور غموں کا بوجھ اتار دیتے ہیں۔

6 ﴿رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا﴾

(صبح وشام تین مرتبہ) (سنن ابی داؤد: 5072، سنن الترمذی: 3389 وسندہ صحیح)

میں راضی ہو گیا اللہ کے ساتھ (اس کے) رب ہونے پر اور اسلام کے ساتھ (اس کے) دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے ساتھ (ان کے) نبی ہونے پر۔

نوٹ: جس نے صبح وشام یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے اوپر واجب کر لیتا ہے کہ قیامت کے دن اسے راضی کرے۔

7 ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ﴾ (صبح وشام تین مرتبہ)

(سنن ابی داؤد: 5088، سنن الترمذی: 3388، سنن ابن ماجہ: 3869 وسندہ صحیح)

اس اللہ کے نام کے ساتھ (میں پناہ پکڑتا ہوں) جسکے نام کے ساتھ زمین اور آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

نوٹ: جس نے صبح وشام یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کے نقصان، حسد، نظر بد، جادو اور ٹونہ نیز دن رات کی ہر زمینی آسمانی آفت سے محفوظ رکھے گا۔

8 ﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ﴾ (صبح وشام سات مرتبہ)

(سنن ابی داؤد: 5081، وقال المنذری فی الترغیب والترھیب: 1/307 اسنادہ حسن)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مجھے اللہ ہی کافی ہے اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔

نوٹ: جس نے صبح وشام یہ کلمات پڑھے اللہ تعالیٰ اسے دنیا وآخرت کے ان تمام کاموں کیلئے کافی ہوجاتا ہے جو اسے فکرمند کرتے ہیں۔ پھر اسے مخلوق سے مانگنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

9 ﴿ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْءُلَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ﴾ (صبح وشام ایک مرتبہ)

(صحیح البخاری: 6306 وسنن الترمذی: 3393)

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں، جس قدر طاقت رکھتا ہوں۔ میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔ نوٹ (1) اس دعا کو سید الاستغفار کہتے ہیں۔

نوٹ (2) جس نے ایمان ویقین کے ساتھ شام کو یہ کلمات پڑھے اور اسی رات میں فوت ہوگیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا، اسی طرح صبح پڑھے اور اس دن فوت ہوگیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

10 ﴿ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِيْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ ﴾ (صبح وشام ایک مرتبہ)

(سنن ابی داود: 5074 وسنن ابن ماجہ 3871، مسند احمد: 4785 وسندہ صحیح)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا اور اپنے اہل وعیال اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میری پردے والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ۔ اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میرے دائیں طرف سے، میرے بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما اور اس بات سے میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

11 ﴿اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ﴾

(صبح وشام ایک مرتبہ) (سنن ابی داود: 5067 سنن الترمذی: 3392، وسندہ صحیح)

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، پوشیدہ اور موجود ہر چیز کے جاننے والے، ہر چیز کے پالنہار اور مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، میں تیری ذات کے ذریعہ اپنے نفس کے شر سے، شیطان کے شر سے اور اس کے شرک سے پناہ مانگتا ہوں۔

12 ﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجَاةً يَتْبَعُهُ فَلَاحٌ وَرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا﴾

(صبح وشام ایک مرتبہ)

(مسند احمد: 2/321 ح 8272، صححہ الحاکم فی المستدرک: 1/523 ح 1919 وسندہ حسن)

اے اللہ! میں آپ سے ایمان کی حالت میں تندرستی چاہتا ہوں۔ خلق وعبادت میں ایمان کا طالب ہوں اور ایسی نجات کا طلبگار ہوں جس کے پیچھے کامیابی ہو اور آپ کی رحمت کا محتاج ہوں اور آپ کی عافیت اور پردہ پوشی اور خوشنودی کا بھکاری اور حاجت مند ہوں۔

13 ﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنْتَ تَهْدِيْنِیْ وَاَنْتَ تُطْعِمُنِیْ وَاَنْتَ تَسْقِيْنِیْ وَاَنْتَ تُمِيْتُنِیْ وَاَنْتَ تُحْيِيْنِیْ﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(صبح وشام ایک مرتبہ) (المعجم الاوسط للطبرانی:1028 وسندہ حسن)

اے اللہ! آپ نے مجھے پیدا کیا اور آپ مجھے ہدایت دیتے ہیں اور آپ مجھے کھلاتے ہیں اور آپ مجھے پلاتے ہیں اور آپ مجھے ماریں گے اور آپ ہی مجھے زندہ کریں گے۔

14 ﴿اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ﴾ اے اللہ مجھے جہنم سے بچا لے

(فجر اور مغرب کے بعد سات مرتبہ)

(سنن ابی داود:5079، عمل الیوم واللیلۃ للنسائی:111 وسندہ حسن)

15 (1) سورۃ الاخلاص (2) سورۃ الفلق (3) سورۃ الناس

(صبح وشام تین، تین مرتبہ) (سنن ابی داود:5082، سنن الترمذی:3575، وسندہ حسن)

16 ﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَالُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا﴾

(فجر کے بعد ایک مرتبہ)

(سنن ابن ماجہ:925، مسند احمد: 26602 وسندہ صحیح)

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ روزی اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

17 ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ﴾ (صبح کے وقت تین مرتبہ) (صحیح مسلم: 2726 (6913)

اللہ پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے اپنی مخلوق کی گنتی کے برابر اور اپنے نفس کی رضا کے برابر اور اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

نوٹ: صبح کی نماز سے اشراق تک مسلسل ذکر کرنے سے یہ کلمات کہنا زیادہ وزنی ہے۔

18 ﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ﴾

(شام کو تین مرتبہ) (صحیح مسلم:2709(6880)، سنن ابن ماجہ:3547)

میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔

19 ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ﴾ اللہ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے۔

(صبح وشام سو مرتبہ) (صحیح مسلم:2692 (6843) وسنن الترمذی:3469 وسندہ صحیح)

نوٹ: جس نے یہ کلمات پڑھے اس کے نامہ اعمال میں اجر وثواب کے انبار لگ جائیں گے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

20 ﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ،لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴾ (دن بھر میں سومرتبہ)

(صحیح البخاری:3293 وسنن ابن ماجہ:3798)

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

نوٹ(1): دس مرتبہ بھی پڑھ سکتے ہیں (صحیح البخاری: 6404)

نوٹ(2): یہ وہ عظیم وظیفہ ہے جس سے مومن کے جسم میں ایسی زبردست روحانی تاثیر پیدا ہوجاتی ہے کہ پھر کوئی شیطان وجن اس پر حملہ کرنے کی جسارت نہیں کرسکتا۔

21 ﴿ اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ﴾ (دن بھر میں سومرتبہ)

(صحیح البخاری:6307 صحیح مسلم:2702 (6858))

میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

22 پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن وہ لوگ سب سے زیادہ میرے قریب ہوں گے جو سب سے زیادہ مجھ پر درود پڑھتے ہیں۔ (سنن الترمذی:484 وسندہ حسن)

معلوم ہوا کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ (درود ابراہیمی افضل درود ہے)

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴾

دار الفلاح قصور
DFIERC
0321 9410034 YouTube Darulfalah Kasur

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "